اعداد و شمار (ڈیٹا) کی رازداری اور تحفظ کے لیے والدین کے حقوق کا قانونی مسودہ

متعدد قوانین اور ضوابط آپ کے بچوں کے بارے میں ایسی معلومات کی رازداری کا تحفظ کرتے ہیں جو معلومات ان کی شناخت کر سکتی ہیں۔ ایسی معلومات، جس میں طالبِ علم کے مخصوص اعداد و شمار (معلومات) شامل ہوتے ہیں، ان کو "ذاتی طور پر قابلِ شناخت" معلومات یا "PII" کہا جاتا ہے۔

وہ وفاق قوانین جو آپ کے بچے کی PII کا تحفظ کرتے ہیں ان میں ذیل شامل ہیں خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون (FERPA)، بچوں کا آن لائن رازداری کا ایکٹ (COPRA)،طلبا کے حقوق کے تحفظ کی ترمیم (PPRA)، اور معذوری کے حامل افراد کا تعلیمی ایکٹ (IDEA). ریاستی قوانین، جیسے کہ نیو یارک ریاست تعلیمی قانون d-2 اور نیو یارک ریاست کمشنر برائے تعلیم کے متعلقہ ضوابط اور محکمئہ تعلیم کے چانسلر کا ضابطہ A-820 بھی آپ کے بچے کی PII کی رازداری کا تحفظ کرتے ہیں۔

نیو یارک ریاست قانون کے تحت اگر آپ نیو یارک شہر پبلک اسکول ضلع (محکمئہ تعلیم (DOE) میں (شرکت کرنے والے) بچے کے والدین ہیں تو آپ کو آپ کے بچے کی PII کی رازداری اور تحفظ کے متعلق مندرجہ ذیل حقوق ہیں:

- آپ کے بچے کی PII کو کسی بھی کاروباری تشہیر (مارکیٹنگ) یا دیگر کاروباری مقاصد کے لیے فروخت یا افشا نہیں کیا جا سکتا ہے۔
- اگر آپکا بچہ 18 سال سے کم عمر کا ہے:
  - آپ کی درخواست DOE کو موصول ہو جانے کے 45 دنوں کے اندر اور اپنی شناخت کی تصدیق کرنے کے بعد آپ کو اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کے مکمل مندرجات کی جانچ کرنے اور جائزہ لینے کا حق ہے۔
  - آپ کو اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں اس وقت تبدیلی کی گزارش کرنے کا حق ہے جب آپ کا خیال ہو کہ یہ غلط، گمراہ کن ہے یا یہ آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔
  - آپ کے حقوق محکمئہ تعلیم کے ٹھیکیداروں یا محکمئہ تعلیم کے نمائندے کے طور پر بیرونی فریقین کے ذریعے ذخیرہ کردہ تعلیمی ریکارڈز تک توسیع پاتے ہیں۔
- اگر آپ کے بچے کے PII کی خلاف ورزی ہوتی ہے یا اس کو منظوری کے بغیر افشا کیا جاتا ہے تو آپ کو مطلع کیا جانا آپ کا حق ہے۔
- آپ کو اپنے بچے کی PII کی ممکنہ خلاف ورزی ہونے اور منظوری کے بغیر افشا کیے جانے کے متعلق شکایات دائر کرنے اور ایسی شکایات کو حل کروانے کا حق ہے۔ محکمئہ تعلیم کے لیے آپ کی شکایت موصول ہونے کے 60 کیلنڈر ایام کے اندر آپ کو جواب فراہم کرنا لازمی ہے۔ اگر مزید وقت درکار ہوا تو محکمئہ تعلیم آپ کو ایک جواب دینے کی تاریخ کے اندازے کے ساتھ ایک وضاحت فراہم کرے گا۔

نیو یارک ریاست محکمئہ تعلیم (NYSED) کے پاس شکایات کس طرح جمع کروائی جائیں:

آن لائن: http://www.nysed.gov/data-privacysecurity/report-improper-disclosure

بذریعہ ای میل: CPO@mail.nysed.gov

بذریعہ ڈاک:

Chief Privacy Officer
New York State Education Department
89 Washington Avenue, Albany NY 12234

بذریعہ فون ذیل پر: 518-474-0937

محکمئہ تعلیم کے پاس شکایات کس طرح جمع کرائی جائیں:

بذریعہ ای میل: studentprivacy@schools.nyc.gov

Department of Education
Chancellor David C. Banks

بذریعہ ڈاک:
Chief Privacy Officer,
Office of the General Counsel Room 308
New York City Department of Education
52 Chambers St, New York, NY 10007

یہ وفاقی اور ریاستی قوانین اور ضوابط آپ کے بچے کی PII کو راز اور محفوظ رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے محکمئہ تعلیم اور مخصوص بیرونی فریقین پر مطلوبات بھی عائد کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، محکمئہ تعلیم اور بیرونی فریقین کے لیے مندرجہ ذیل کی پابندی کرنا لازمی ہے:

- آپ کے بچے کی PII کو اکٹھا کیا جائے گا اور اس کو ریاستی اور وفاقی قوانین کے تحت صرف تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے ضرورت کے مطابق افشا کیا جائے گا۔
- جب آپ کے بچے کے PII کو ذخیرہ یا منتقل کیا جائے تو اس کا تحفظ کرنے کے لیے تحفظاتی طریق کار کا قائم ہونا لازمی ہے۔ ان تحفظاتی طریق کار کو صنعت کے معیارات اور بہترین طریقہ ہائے کار پر پورا اترنا لازمی ہے۔ ایسے تحفظاتی طریق کار میں رمز نگاری (انکرپشن)، فائر والز اور پاس ورڈ کا تحفظ شامل ہیں۔
- PII کو اکٹھا کرنے، اس پر کارروائی کرنے اور اس کی ترسیل کے عمل میں کمی کرنے کے لیئے اقدامات کرنا لازمی ہے۔
- محکمئہ تعلیم کے عملے کے ممبران اور آپ کے بچے کی PII کے ساتھ کام کرنے والے بیرونی فریقین کو قابلِ اطلاق قوانین، پالیسیوں اور تحفظاتی طریق کار سے وابستہ صنعت کے معیارات اور بہترین طریقوں کی تربیت دی جانا لازمی ہے۔
- محکمئہ تعلیم کی جانب سے آپ کے بچے کی PII موصول کرنے والے بیرونی فریقین کے تحریری معاہدوں میں آپ کے بچے کے PII کی رازداری اور تحفظ کے متعلق قانونی مطلوبات کو بیان کیا جانا چاہیئے۔
- ان تعلیمی مقاصد کے لیے مزید ضرورت نہ رہنے پر جس کے لیے محکمئہ تعلیم نے (ان معلومات کو) بیرونی فریق پر افشا کیا تھا بیرونی فریقین کو آپ کے بچے کی PII کی نقول اپنے پاس نہیں رکھنی چاہیئے۔ معاہدہ کے ختم ہو جانے پر PII کو مستقل طور پر اور محفوظ انداز میں حذف کر دینا چاہیئے۔

آپ نیو یارک ریاست محکمئہ تعلیم کے ذریعے اکٹھا کیے جانے والے طالبِ علم کے اعداد و شمار (ڈیٹا) کی تمام اقسام کی ایک مکمل فہرست کو تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ اس فہرست کی ایک نقل دفتر برائے معلومات اور رپورٹ کرنے کی خدمات کو New York State Education Department, Room 863 EBA, 89 Washington Avenue, Albany, NY 12234 پر تحریر کر کے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔